سوال

اگر خاوند اور بیوی کے درمیان طلاق کی وجہ سے ایک لمبا عرصہ جدائی رہے تو کیا وہ دوبارہ آپس میں شادی کر سکتے ہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

جب خاوند اپنی بیوی کو پہلی یا دوسری طلاق دے اور اس کی عدت ختم ہو جائے تو بیوی اس سے جدا ہو جاتی ہے اور وہ بائن ہونے کی وجہ سے اجنبی بن جائے گی جس کی وجہ سے وہ اپنے خاوند کے پاس نہیں آ سکتی لیکن ایک شرط پر ہو سکتا ہے :

یہ کہ نکاح دوبارہ کیا جائے اور اس نکاح میں سب شرعی شروط کا ہونا ضروری ہے، آپ اس کی تفصیل کے لیے سوال نمبر (2127) کا مطالعہ کریں۔

لیکن اگر خاوند اپنی بیوی کو تیسری طلاق بھی دے دے تو وہ اپنے پہلے خاوند پر حرام ہو جاتی ہے لیکن اگر وہ کسی اور شخص سے شرعی نکاح (حلالہ نہیں) کرے اور وہ اپنی مرضی سے اسے کسی وقت طلاق دے دے تو وہ پھر اگر وہ چاہے تو اپنے پہلے خاوند سے شادی کر سکتی ہے۔

اس کی دلیل قرآن مجید میں اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{ طلاق دو مرتبہ ہیں پھر یا تو بھلائی سے روکنا ہے یا عمدگی سے چھوڑ دینا ہے اور تمہارے لیے حلال نہیں کہ تم نے جو کچھ انہیں دے دیا ہے اس میں سے کچھ بھی لو، ہاں یہ اور بات ہے کہ دونوں کو اللہ تعالی کی حدیں قائم نہ رکھ سکنے کا خوف ہو، اس لیے اگر تمہیں ڈر ہو کہ یہ دونوں اللہ تعالی کی حدیں قائم نہ رکھ سکیں گے تو عورت رہائی پانے والے کے لیے کچھ دے ڈالے، اس میں دونوں پر گناہ نہیں یہ اللہ تعالی کی حدود ہیں، خبردار ان سے آگے نہ بڑھنا اور جو لوگ اللہ تعالی کی حدوں سے تجاوز کر جائیں وہ ظالم ہیں۔

پھر اگر اس کو (تیسری بار) طلاق دے دے تو اب اس کے لیے حلال نہیں جب تک کہ وہ عورت اس کے سوا کسی اور سے نکاح نہ کرے، پھر اگر۔۔۔ } البقرۃ (229-230)

تو سب اہل علم کے ہاں اس آیت میں آخری طلاق سے مراد تیسری طلاق ہے۔

اور سنت نبویہ میں بھی اس کے دلائل ملتے ہیں صحیحین میں مندرجہ ذیل حدیث مروی ہے :

عروۃ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ انہیں عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے بتایا کہ رفاعۃ القرظی کی بیوی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگی کہ رفاعہ نے مجھے طلاق بتہ دے دی تو میں نے اس کے بعد عبد الرحمن بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہ سے شادی کر لی اور مسئلہ یہ ہے کہ عبد الرحمن کے پاس تو بے جان سی چیز ہے

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

شائد تو دوبارہ رفاعۃ کے پاس جانا چاہتی ہے، لیکن یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ تیرا اور تو اس سے ذائقہ چکھ نہ لے۔ صحیح بخاری حدیث نمبر (4856) صحیح مسلم حدیث نمبر (2587)۔

(بت طلاقی) حدیث میں اس لفظ کا معنی ہے کہ مجھے اس نے طلاق دی جس کی بنا پر میرا اس سے علیحدہ ہونا حلال ہو گیا یعنی تیسری طلاق دے دی۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان (حتی تذوقی عسیلتہ ویذوق عسیلتک) یہ الفاظ جماع سے کنایہ ہیں کہ جب تک وہ تجھ سے جماع نہیں کرلیتا ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اس حدیث میں یہ بیان ہے کہ جس عورت کو تین طلاق ہوچکی ہوں وہ اپنے اس خاوند کے لیے حلال نہیں ہوسکتی جب تک کہ وہ کسی اور شخص سے نکاح نہ کرلے اور پھر وہ شخص اس سے جماع کرے اور طلاق دے اور یہ عورت (اس دوسرے نکاح) کی عدت سے فارغ ہوجائے (تو پھر وہ اپنے پہلے خاوند سے شادی کرسکتی ہے)

لیکن صرف عقد نکاح کرلینا ہی کافی نہیں اور نہ ہی اس کی وجہ وہ اپنے پہلے خاوند کے لیے حلال ہوجاتی ہے ۔

صحابہ کرام اور تابعین عظام اور ان کے بعد آنے والے اکثر علماء کرام کا بھی یہی مسلک ہے ۔ دیکھیں شرح مسلم للنووی (3/10) ۔

سب سے زیادہ علم تو اللہ عزوجل کے پاس ہی ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔ آمین یارب العالمین ۔

واللہ اعلم .

الشیخ محمد صالح المنجد

14038